6682-کافروں کو شراب فروخت کرنی

سوال

اگر مسلمانوں کو شراب اور خنزیر فروخت نہ کرے تو کیا کافروں کو یہ دونوں اشیاء فروخت کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

کھانے پینے اور دوسری وہ اشیاء جو
اللہ تعالی نے حرام کی ہیں مثلا شراب اور خنزیر وغیرہ کی تجارت جائز نہیں، چاہے یہ
تجارت کفار کے ساتھ ہی ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے
فرمایا :

"بلاشبہ جب اللہ تعالی نے کسی چیز
کو حرام کیا ہے تو اس کی قیمت بھی حرام کردی ہے"

اور اس لیے بھی کہ رسول کریم صلی
اللہ علیہ وسلم نے شراب نوشی کرنے والے، اور شراب فروخت کرنے والے، اور شراب خریدنے
اور فروخت کرنے والے، اور اسے اٹھا کرلے جانے والے، اور جس کی طرف اٹھا کرلے جائی
جارہی ہے، اور اس کی قیمت کھانے والے، اور اسے کشید کرنے والے اور کشید کروانے پر
سب پر لعنت فرمائی ہے"

واللہ تعالی اعلم.